**28.08.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شبانہ بیگم
Music

………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی، دو ملکوں جاپان اور چین کے دورے پر تھوڑی ہی دیر میں روانہ ہونے والے ہیں۔ وہ کل ٹوکیو میں 15ویں بھارت–جاپان سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

☆ بھارت اور بنگلہ دیش نے منشیات کی اسمگلنگ، انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی در اندازی سمیت سرحد پار جرائم کی روک تھام کیلئے موثر اقدامات کرنے پر اتفاق کیا ہے۔

☆ حکومت نے اس سال 31دسمبر تک کپاس کی درآمداتی محصول پر چھوٹ میں توسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ اِس سال جولائی میں بھارت کی صنعتی پیداوار کی شرح ترقی میں ساڑھے تین فیصد کا اضافہ درج کیا گیا، جو کہ گزشتہ چار مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔

☆ مہاراشٹر کے ممبئی کے وراڑ میں ایک عمارت کے منہدم ہوجانے سے کم سے کم17لوگوں کی موت ہوگئی ہے۔

☆ اور قزاخستان میں جاری ایشیائی نشانے بازی چمپئن شپ میں مردوں کے 25میٹر اسٹینڈرڈ پسٹل انفرادی مقابلے میں گرو پریت سنگھ نے سونے کا تمغہ، جبکہ امن پریت سنگھ نے چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔ دونوں نے ہرش گپتا کے ساتھ ملکر ٹیم مقابلے میں بھی کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

………………………………

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

**PM Japan Visit**

وزیر اعظم مودی، دو ملکوں جاپان اور چین کے دورے پر تھوڑی ہی دیر میں روانہ ہونے والے ہیں۔ جاپان کے اپنے دو روزہ دورے کے دوران وزیر اعظم مودی، کل ٹوکیو میں 15ویں بھارت–جاپان سالانہ سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ وزیر اعظم مودی کا یہ جاپان کا آٹھواں دورہ ہوگا، جبکہ جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کے ساتھ اُن کی یہ پہلی سربراہ کانفرنس ہوگی۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ دونوں رہنما، بھارت اور جاپان کے درمیان دفاع اور سیکیورٹی، تجارت اور معیشت، ٹیکنالوجی اور اختراع اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے سمیت خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کا جائزہ لیں گے۔

پیش ہے وزیر اعظم کے جاپان کے دورے کو cover کرنے والے ہمارے نامہ نگار کی یہ رپورٹ……

VC OM Awasthi

بھارت اور جاپان خصوصی کلیدی اور عالمی اشتراک کا حصہ ہیں اور گزشتہ 12 سالوں میں ان ممالک میں نمایاں ترقی ہوئی ہے۔ چوٹی میٹنگ کے دوران دونوں وزراء اعظم دفاع اور سکیورٹی تجارت اور صنعت، ٹیکنالوجی اور اختراع اور عوام سے عوام کے مابین تبادلہ سے متعلق شعبوں میں گزشتہ سالوں میں ہوئی ترقی کا جائزہ لیں گے۔ دونوں رہنما اہم علاقائی اور عالمی معاملات پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ دونوں وزرا اعظم ایک تجارتی تقریب میں بھی شرکت کریں گے جہاں دونوں ممالک کے درمیان تجارت کو فروغ دینے کی خاطر مختلف شعبوں سے متعلق متعدد مفاہمت ناموں پر دستخط کئے جائیں گے۔ جاپان میں بھارتی برادری وزیر اعظم نریندر مودی کے دورے کا بے صبری سے انتظار کر رہی ہے۔ بھارتی برادری کو یہ یقین ہے کہ وزیر اعظم کے اس دورے سے ٹیکنالوجی، تعلیم، اختراع اور روزگار کے مواقعوں سے متعلق اہم شعبوں میں باہمی تعاون میں اضافہ ہوگا۔

ٹوکیو سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فرقان خان

اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں، وزیرِ اعظم 31اگست سے پہلی ستمبر تک چین کے دورے پر رہیں گے، جہاں وہ Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ جناب مودی چین کے صدر Xi Jinping کی دعوت پر وہاں جارہے ہیں۔ x

## PM Departure Statement

وزیراعظم نریندر مودی نے آج اعتماد ظاہر کیا کہ ان کے جاپان اور چین کے دورے ملک کے قومی مفادات اور ترجیحات کو مزید آگے بڑھائیں گے اور علاقائی اور عالمی امن و سلامتی اور پائیدار ترقی کے فروغ کے لیے بامقصد تعاون کی تعمیر میں مددگار ثابت ہوں گے۔جاپان میں 15ویں بھارت–جاپان سالانہ سربراہ کانفرنس میں شرکت کرنے کیلئے جاپان روانہ ہونے سے قبل جناب مودی نے کہا کہ بھارت–جاپان خصوصی اسٹریٹجک اور عالمی شراکت داری کے اگلے مرحلے کی تشکیل پر توجہ مرکوز کی جائےگی۔ گزشتہ گیارہ برس میں اِس سلسلے میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ وہ اور جاپان کے وزیراعظم Shigeru Ishiba مل کر بھارت–جاپان اقتصادی اور سرمایہ کاری تعلقات کے دائرے اور عزائم کو وسعت دینے اور مصنوعی ذہانت (AI) اور سیمی کنڈکٹرز سمیت نئ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں باہمی تعاون کو آگے بڑھانے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اُن کا یہ دورہ دونوں ملکوں کے عوام کو جوڑنے والے تہذیبی روابط اور ثقافتی تعلقات کو مضبوط کرنے کا بھی ایک موقع ہوگا۔

وزیراعظم مودی نے کہا کہ جاپان سے وہ چین کا سفر کریں گے تاکہ وہ صدر شی جن پنگ کی دعوت پر Tianjin میں شنگھائی تعاون تنظیم SCO سربراہ کانفرنس میں شریک ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت SCO کا ایک سرگرم رکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے اور علاقائی تعاون کو گہرا کرنے کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ملکوں کے ساتھ کام کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ x

## India Bangladesh

بھارت اور بنگلہ دیش نے سرحد پار جرائم کی روک تھام کیلئے مشترکہ اقدامات کو تیز کرنے پر اتفاق کیا ہے،

جس کے تحت چوکسی اور مربوط گشت میں اضافہ اور بروقت خفیہ معلومات کا تبادلہ شامل ہے۔ اِس عزم کا اظہار ایک مشترکہ بیان میں کیا گیا ہے، جو ڈھاکہ کے Pilkhana میں واقع بنگلہ دیش کے سرحدی حفاظتی دستے کے صدر دفتر میں منعقدہ چار روزہ ڈائریکٹر جنرل سطح کی سرحدی کانفرنس کے بعد جاری کیا گیا ہے۔ بھارتی وفد کی قیادت سرحدی حفاظتی دستے BSF کے ڈائریکٹر جنرل دلجیت سنگھ چودھری نے کی، جبکہ بنگلہ دیشی وفد کی قیادت بنگلہ دیش سرحدی حفاظتی دستے کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل محمد اشرف الزمان صدیقی نے کی۔ دونوں فورسز نے منشیات اور انسانی اسمگلنگ کی روک تھام، نیز غیر قانونی در اندازی اور دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے مربوط سرحدی بندوبست پلان کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے سرحدی علاقوں میں رہنے والے افراد کو تعلیم فراہم کرنے، پسماندہ علاقوں میں سماجی و اقتصادی ترقی نافذ کرنے اور بین الاقوامی سرحد کے قریب زیر التواء بنیادی ڈھانچے کے کام کو تیزی سے مکمل کرنے پر اتفاق کیا۔ دہشت گردی اور شورش پسندی کی سرگرمیوں کو بالکل بھی برداشت نہ کرنے موقف کا اعادہ کرتے ہوئے دونوں فریقوں نے سرحد پر باڑ لگانے کے اقدامات اور دریا کے کناروں کے تحفظ سمیت دیگر معاملات پر باہمی تعاون کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا تاکہ سرحدی امن و سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے۔x

## India Bhutan

بھارت اور بھوٹان کے درمیان زراعت اور متعلقہ شعبوں میں تکنیکی تعاون پر ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے گئے۔ زرعی وزارت کے سکریٹری دیویش چترویدی اور بھوٹان کے زرعی امور کے سکریٹری Thinley Namgyel نے تھمپو میں مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔ زراعت کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ مفاہمت نامے پر دستخط کئے جانے کا عمل بھارت اور بھوٹان کے درمیان دیرینہ شراکت داری میں ایک اہم سنگ میل کو ثابت کرتاہے۔ یہ پیشرفت خوراک کی یقینی فراہمی، پائیدار کاشتکاری اور دیہی خوشحالی کے تیئں دونوں ملکوں کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتاہے۔ یہ مفاہمت نامہ دونوں ملکوں کے درمیان زرعی تحقیق اور اختراع، مویشیوں کی صحت اور پیداوار، فصل کی کٹائی کے بعد کا بندوبست، ویلیو چین کی ترقی اور معلومات، مہارت اور ہنرمندی کے تبادلے سمیت مختلف شعبوں میں اشتراک کے فریم ورک کے طور پر سودمند ثابت ہوگا۔x

## Nirmala Qatar Meeting

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے قطر کے غیر ملکی تجارت کے امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر احمد بِن محمد السید سے آج نئی دلی میں ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خزانہ نے کہا کہ اِس میٹنگ کے دوران دونوں وزراء نے بھارت اور قطر کے درمیان اسٹراٹیجک شراکت داری کے تحت دو طرفہ تجارت سرمایہ کاری سے متعلق تعلقات کو مضبوط بنانے کا اِعادہ کیا ۔بات چیت کے دوران محترمہ سیتارمن نے بھارت کی جانب سے پچھلی ایک دہائی میں سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے سے تبدیلی لانے والے اقدامات کو اجاگر کیا۔ قطر کے وفد نے ملک میں سرمایہ کاری کیلئے وافر مواقع کی نشاندہی کرتے ہوئے بھارت کی اقتصادی ترقی اور ٹیکنالوجی سے متعلق پیش رفت میں اعتماد کا اظہار کیا۔

## with Cotton Exempt

حکومت نے 30 ستمبر سے 31 دسمبر 2025 تک کپاس پر درآمداتی محصول میں چھوٹ میں توسیع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایک بیان میں وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ یہ فیصلہ، ملک کے ٹیکسٹائل سیکٹر کیلئے کپاس کی دستیابی میں اضافہ کرنے کیلئے لیا گیا ہے۔ اِس سے پہلے حکومت نے 29 اگست سے 30 ستمبر تک کپاس پر درآمداتی محصول میں عارضی طور پر چھوٹ دینے کا اعلان کیا تھا۔ آکاشوانی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کنفیڈریشن آف انڈین ٹیکسٹائل انڈسٹری CITI کی سکریٹری جنرل Chandrima چٹرجی نے کہا کہ حکومت کے اِس فیصلے سے بھارت کی ٹیکسٹائل صنعت کو کافی راحت ملی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کپاس پر درآمداتی محصول پر چھوٹ میں توسیع سے ٹیکسٹائل صنعت کو کپاس کی خریداری کیلئے نئے آرڈر دینے میں مدد ملے گی۔

S/B: Chandrima Chatterjee

## IIP July

صنعتی پیداوار کے اشاریے IIP کے ذریعے پیمائش کے مطابق بھارت کی صنعتی پیداوار کی ترقی اس سال جولائی میں 3 اعشاریہ 5 فیصد رہی جو چار ماہ میں سب سے بلند سطح پر پہنچ گئی۔ مینوفیکچرنگ میں عمدہ کارکردگی کے سبب یہ ترقی ممکن ہوئی۔ اس سے پہلے ملک کی صنعتی پیداوار میں اس مارچ میں 3 اعشاریہ 9 فیصد کی شرح ترقی ریکارڈ کی گئی تھی۔ اعداد وشمار اور پروگرام کے نفاذ کی وزارت کے ذریعے جاری اعداد وشمار کے مطابق پچھلے سال اسی ماہ میں صنعتی پیدوار میں 5 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ IIP کے تین اہم اجزا میں سے مینوفیکچرنگ، جولائی میں 5 اعشاریہ 4 فیصد کا اضافہ ہوا جو گزشتہ ماہ 3 اعشاریہ 7 فیصد تھی۔ماہر اقتصادیات A.K. بھٹا چاریہ نے آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے کہا کہ توقع ہے کہ IIP اگلے چند ماہ میں مزید بہتر کارکردگی کرے گا۔

S/B A.K. Bhatta Charya

## Maha Building Collapse

مہاراشٹر میں وِرار ایسٹ ممبئی میں کل رات ایک چار منزلہ عمارت کے منہدم ہونے کے حادثے میں 17 افراد ہلاک اور دیگر 9 زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ Narangi علاقے میں Ramabai Apartments میں پیش آیا۔ NDRF، پولیس اور فائر بریگیڈ کے عملے کی جانب سے چلائی جارہی راحت اور بچاؤ مہم ابھی جاری ہے۔ اب تک 24 افراد کو بچایا جاچکا ہے۔ حکام کو یہ خدشہ ہے کہ ابھی بھی ملبے میں اور بھی لوگ پھنسے ہوسکتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اِندو رانی جھاکر نے حادثے کی جگہ کا دورہ کیا اور راحت اور بچاؤ کارروائی کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ دیویندر فزنویس نے اس حادثے کے متاثرین کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرنے والے افراد کے اہل خانہ کو پانچ پانچ لاکھ روپئے کی مالی اعانت دینے کا اعلان کیا۔x

## PM Building Collapse

وزیر اعظم نریندر مودی نے مہاراشٹر کے پالگھر میں ایک عمارت کے ڈھہ جانے کے حادثے میں کم سے کم 17 افراد کے ہلاک ہونے پر دُکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے پیغام میں جناب مودی نے کہا کہ مشکل کی اِس گھڑی میں متاثرہ لوگوں اور اُن کے اہل خانہ کے ساتھ اُن کی پوری ہمدردی ہے۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکام، متاثرہ لوگوں کو ہر ممکن مدد فراہم کر رہے ہیں۔x

## Scindia Floods

مواصلات کے وزیر جیوتر آدتیہ سندھیا نے آج ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور جموں و کشمیر کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں موبائل کنیکٹیوٹی کو بحال کرنے کیلئے اعلیٰ سطح کی ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اِس میٹنگ میں ٹیلی مواصلات محکمے کے سکریٹری ڈاکٹر نیرج مِتّل، مواصلات کی وزارت کے سینئر افسران، BSNL اور دیگر ٹیلی مواصلات کی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کے اعلیٰ عہدیداران موجود تھے۔ جناب سندھیا نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں، خاص طور پر جموں کے ڈوڈا اور اودھم پور ضلعوں میں موبائل کی خدمات بحال کرنے کیلئے فوری کارروائی کرنے کی ہدایت دی۔ ڈوڈا اور اودھم پور ضلع سیلاب سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ x

## Naukhai Festival

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مودی نے Naukhai فیسٹول کے موقع پر اڈیشہ کے لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ صدر جمہوریہ نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ فیسٹول کاشتکاری اور کسانوں کے تئیں اظہارِ تشکر کا ایک بہترین موقع ہے۔ وزیر اعظم مودی نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ فیسٹول کسانوں کے تئیں خصوصی شکر گزاری کی یاد دہانی کراتا ہے جن کی سخت محنت سبھی کی زندگی کو سہارا دیتی ہے۔ انہوں نے ہر گھر میں خوشی، صحت اور خوشحالی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ x

## Guj Ashwini Vaishnw

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے آج احمدآباد کے نزدیک Sanand میں CG پاور کے پہلے سیمی کنڈکٹر آؤٹ سورس اسمبلی اور ٹیسٹنگ مرکز کے پائلٹ پلانٹ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب ویشنو نے اس پائلٹ پروجیکٹ کو بھارت کی سیمی کنڈکٹر صنعت کیلئے ایک سنگ میل قرار دیا اور اعلان کیا کہ بھارت میں تیار کی جانے والی پہلی سیمی کنڈکٹر Chip اس پلانٹ میں تیار کی جائے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ 2032 تک ماہر سیمی کنڈکٹر پیشہ وروں کی عالمی قلت کے اندیشے کے پیش نظر مرکز نے 270 یونیورسٹیوں کو انسانی وسائل کی مہارت کی ترقی کیلئے Chip تیار کرنے کی جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کیا ہے۔

S/B Ashwaini Vashnaw

وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے کہا کہ سیمی کنڈکٹر کے شعبے میں بھارت کی ترقی سے آئندہ برسوں میں خود کفیل بھارت کی تعمیر کو رفتار حاصل ہوگی۔ انھوں نے کہا کہ گجرات سیمی کنڈکٹر پالیسی وضع کرنے والی ملک کی پہلی ریاست ہے۔ اور سیمی کنڈکٹر کے سب سے زیادہ مجموعی چار پلانٹس گجرات میں ہی قائم کئے جارہے ہیں۔ ہمارے نامہ نگار کے مطابق Sanand GIDC کے احاطے میں CG سیمی پر دو سہولیات قائم کی جائیں گی جس پر 7ہزار 600 کروڑ روپئے صرف کئے جائیں گے جس کے نتیجے میں بالواسطہ اور بلا واسطہ 5ہزار نوکریوں کے مواقع پیدا ہوں گے۔ آج افتتاح کی گئی سہولت میں 5لاکھ Chips یومیہ تیار کرنے کی صلاحیت ہوگی جس میں شروع سے آخر تک Chip تیار کرنا Packaging Testing اور Testing کے بعد کی خدمات شامل ہوں گی۔ یہ پلانٹ 2027 تک پوری طرح کام شروع کردے گا۔x

## Russia Missile Strike

روس کی جانب سے یوکرین کی راجدھانی Kyiv میں گزشتہ رات ہوئے حملے میں ہلاک ہونے والے افراد کی تعداد بڑھ کر 17 ہوگئی ہے۔ یوکرین کے اہلکاروں کے مطابق آج صبح سویرے روس کی طرف سے کئے گئے میزائل حملوں سے شہر کے کئی اضلاع میں زبردست دھماکے ہوئے، جس سے کئی عمارتوں کو نقصان پہنچا، جن میں یوکرین میں یوروپی یونین مشن کے ہیڈکوارٹر اور British کاؤنسل کی عمارتیں شامل ہیں۔ مقامی اہلکاروں نے کہا کہ اِس حملے میں کم از کم 48افراد زخمی ہوئے ہیں۔ ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ بچاؤ ٹیمیں لاپتہ افراد کی تلاش کر رہی ہے جو ملبے میں پھنسے ہوئے ہوسکتے ہیں۔ روسی ڈرون اور میزائل کے ذریعے Kyiv پر کیا گیا یہ حملہ اِس ماہ کے ابتداء میں یوکرین میں جاری جنگ کو ختم کرنے کی غرض سے Alaska میں ہوئی امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ اور اِن کے روسی ہم منصب ولادمیر پتن کے مابین ملاقات کے بعد ہونے والا پہلا بڑا حملہ ہے۔

## Shooting

قزاخستان کے Shymkent میں جاری 16ویں ایشیائی نشانے بازی چمپئن شپ میں مردوں کے 25میٹر کے Standard انفرادی پسٹل مقابلے اور ٹیم مقابلوں میں بھارت نے آج سونے کے دو تمغے جیتے ہیں۔ انفرادی مقابلے میں Rio de Janeiro اولمپک کے فاتح Gurpreet Singh نے سونے کا تمغہ جیتا اور امن پریت سنگھ نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ دونوں کھلاڑیوں نے ہرش گپتا کے ساتھ مل کر ٹیم مقابلے میں بھی سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ دن کے دیگر سونے کے تمغے، 50میٹر رائفل Prone جونیئر ٹیم اور 25میٹر Standard پسٹل جونیئر ٹیم مقابلوں میں جیتے گئے۔ اس کے ساتھ ہی تمغوں کی فہرست میں مجموعی طور پر بھارتی ٹیم، سونے کے 44، چاندی کے 20اور کانسے کے 18 تمغوں سمیت 82 تمغے حاصل کرچکی ہے۔x

☆☆☆☆☆☆